P.R.NO.44

وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

# Press Release

## مظفرآباد آزاد کشمیر میں بھی وفاقی محتسب کے علاقائی دفتر نے کام شروع کر دیا
## آزاد کشمیر کے عوام وفاقی اداروں کے خلاف شکایات درج کرا سکیں گے

اسلام آباد(     ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر آزاد کشمیر کے عوام کی سہولت کے لئے مظفرآباد، آزاد جموں وکشمیر میں بھی وفاقی محتسب کا علاقائی دفتر قائم کر دیا گیا ہے، جہاں آزاد کشمیر کے شکایت کنندگان وفاقی سرکاری اداروں جیسے بجلی، گیس، نادرا، بے نظیر انکم سپورٹس پروگرام، پاکستان بیت المال، پاکستان پوسٹ آفس، ایف آئی اے، پاسپورٹ آفس اور ای او بی آئی سمیت تقریباً 180 وفاقی سرکاری اداروں کے خلاف شکایات کر سکیں گے۔ واضح رہے کہ قبل ازیں آزاد کشمیر کے عوام کو ان اداروں کے خلاف شکایت کے لئے اسلام آباد کا سفر کرنا پڑتا تھا، اب وفاقی محتسب نے آزاد کشمیر کے عوام کی سہولت کے لئے مظفرآباد میں علاقائی دفتر کھول دیا ہے جہاں آزاد کشمیر کے سابق سیکرٹری منصور قادر ڈار کو دفتر کا انچارج اور کمشنر (آئی آر ڈی) مقرر کیا گیا ہے۔ شکایت کنندگان کمرہ نمبر 206-205، بلاک نمبر 05، نیا سیکرٹریٹ چھتر دومیل، مظفرآباد آزاد جموں وکشمیر میں وفاقی محتسب کے علاقائی دفتر یا فون نمبر 05822-940241 پر رابطہ کر سکتے ہیں، اس کے علاوہ شکایت کنندگان وفاقی محتسب کی ویب سائٹ www.mohtasib.gov.pk، موبائل ایپ اور ای میل wmsromzd@gmail.com پر بھی شکایت دائر کروا سکتے ہیں۔

(خالد سیال)
کنسلٹنٹ (میڈیا)
03335333266

19 ستمبر 2024ء